10/07/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنیے۔

آداب

DGP

کشمیر کے ہمراہ وادی کے شمالی اضلاع کا دورہ کرکے IGP پولیس سربراہ نلین پربھات نے کے ساتھ ایک میٹنگ کی اس SSPs سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اس حوالے سے اور ان علاقوں میں تعینات فوجی اہلکاروں کے ساتھ بھی بات چیت کی SOG کے بعد انہوں نے اوران کی حوصلہ افزائی کی ۔

گورو پورنیما

آج گورو پورنیما ہے ۔ا س سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں تقریبات کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے گورو پورنیما کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیاہے۔

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے گورو پورنیما کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

مبارکباد

اس بیچ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کو ان کے جنم دن پر مبارکباددے کراُن کے تئیں نیک خواہشات کا اظہا رکیاہے۔

چیف سیکریٹری

اس دوران چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل پہلگام میننون بیس کیمپ کا دورہ کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے سیول انتظامیہ ، پولیس، حفاظتی عملہ اور امر ناتھ شرائن بورڈ کے اعلیٰ افسران کے ساتھ میٹنگ کی اور یاتریوں کودستیاب سہولیات اور دیگر امور کا جائزہ لیا۔انہیں جانکاری دی گئی کہ بیس کیمپ میں چوبیس گھنٹے کام کرنے والا مانیٹرنگ میکا نزم قائم کیا گیا ہے تاکہ یاتریوں کو بلا خلل بنیادی سہولیات بہم رکھی جا سکیں ۔میٹنگ کے بعد انہوننے یاتریوں کے بیس

کیمپ میں تعینات سرکاری اہلکاروں اور لنگر والوں کے ساتھ بات کی۔یاتریوں نے انتظامیہ کی طرف سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

نمائش

شیر کشمیر انٹر نیشنل کنونشن سینٹر سرینگر میں آج سہ پہر سے تین روزہ بھارت سنرچنا جموں وکشمیر 2025نمائش شروع ہو رہی ہے۔نمائش کا افتتاح لیفٹنٹ گورنر منوج سنہاکرینگے ، جبکہ ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ افتتاحی تقریب پر خاص مہمان ہوں گے۔نمائش صبح ساڑھے دس بجے سے شروع ہو کر تمام 6بجے تک چلا کر ے گی اور اس دوران عام لوگ اور سکولی بچے نمائش میں حصہ لیں گے۔

نوجوانوں کی طرف سے ماڈل پیش کرنا ، جانکاری و تعلیمی سیشنز کا انعقاد ، دستکاری مصنوعات سیل کے علاوہ مختلف سرکاری وزارتوں اور محکموں کی طرف سے نمائشوں کا اہتمام اس تین روزہ پروگرام کی خاص جھلکیاں ہوں گی ۔

اکشے لابرو

ضلع سرینگر میں مشن یوا کے تحت در دست لی گئی اسکیموں کی عمل آوری کیلئے کل ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے افسرا ن کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے مختلف شعبہ جات کے ذریعے یوا اسکیموں کی عمل آوری کی تفصیلی جانکاری حاصل کی ۔انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ان اسکیموں کی مکمل عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو خود روزگار حاصل کرنے کا اہل بنایاجا ئے ۔

کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سُدن نے ضلع کے سرحدی علاقہ مڑھل کا دورہ کرکے وہاں جار ی کئی ترقیاتی کاموںکا جائزہ لیا۔انہوں نے آر اینڈ بی محکمہ کے افسران پر زور دیاکہ وہ رینگ پائین، رینگ بالاکو مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچائے۔

پنچایتی راج

ڈائریکٹر پنچایتی راج شام لال نے کل متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران راشٹریہ گرام سوراج ابھیان کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے پنچایتی گھروں کی تعمیر،پنچایتی لرننگ سینٹروں کی نامزدگی اور میری پنچایت ایپ کے ذریعے پنچایت گھروں کی جیو ٹیگنگ کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے واضح کیا کہ دیہی بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی عمل آوری کے دوران کام کے معیار کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہئے ۔

ماہی پروری

کو کامیاب Blue Revolution ماہی پروری کا آج قومی دن منایاجا رہاہے۔اس دن کے موقعے پر بنانے میں ماہی پروروں کے رول کی ستائش کی جاتی ہے ۔آج ماہی پروری کو مزیدمستحکم کرنے کے حوالے سے سرکار کی طرف سے کئی اقدامات کا آغاز کیاجا رہا ہے۔